آخری ایام میں یسوع مسیح کے کلام کے مطابق (لوقا 21 اور متی 24 تا 25 اور مرقس 13) کیا ہوگا؟

1۔ جھوٹے مسیح
2۔ جھوٹے نبی (متی 24:24)
3۔ لڑائیاں
4۔ فسادوں کی افواہیں
5۔ بھونچال
6۔ مری
7۔ کال
8۔ آسمان پر بڑی بڑی دہشت ناک باتیں اور نشانیاں ظاہر ہوں گی۔
9۔ ایمان داروں کا ستایا جانا
10۔ خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں ہوگی (متی 14:24)۔
11۔ یروشلیم کا اُجڑ جانا
12۔ یہودی لوگ اسیر ہو کر سب قوموں میں پہنچائے جائیں گے
13۔ اور جب تک غیر قوموں کی میعاد پُوری نہ ہو یروشلیم غیر قوموں سے پامال ہوتا رہے گا۔
13۔ اور سورج اور چاند اور ستاروں میں نشان ظاہر ہوں گے اور زمین پر قوموں کو تکلیف ہوگی کیونکہ وہ سمندر اور اُس کی لہروں کے شور سے گھبرا جائیں گی۔ اور ڈر کے مارے اور زمین پر آنے والی بلاؤں کی راہ دیکھتے دیکھتے لوگوں کی جان میں جان نہ رہے گی۔ اِس لئے کہ آسمان کی قوّتیں ہلائی جائیں گی۔
14۔ آسمان اور زمین ٹل جائیں گے (متی 35:24)۔
15۔ یسوع مسیح کا ظہور اِس دنیا کا اختتام ہے۔ اِس دنیا کی سلطنتیں ٹلیں گی اور خدا کی بادشاہی ظاہر ہوگی۔

آمد ثانی

1۔ پارُوسیا[1] (آمد) اور اَیپی۔فانیا[2] (ظہور) اور آپوکالِیپسِس[3] (مکاشفہ یا ظہور) تین مختلف الفاظ ہیں جو مسیح کی ایک ہی آمد کے لئے استعمال ہوتے ہیں جو اِس دنیا کے آخر میں ہوگی۔
2۔ مسیح کا دِن، خداوند کا دِن، ہمارے خداوند یسوع مسیح کا دِن، وہ دِن، عدالت کا دِن اور آخری دِن: یہ سارے مختلف الفاظ ایک ہی دِن کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔
3۔ اُسی دِن مسیح کی آمد (پارُوسیا) اور ظہور (اَیپی۔فانیا) اور ظہور (آپوکالِیپسِس) ہوگا۔
4۔ اُسی دِن جو مسیح میں موئے جی اٹھیں گے اور جو زندہ باقی ہوں گے اُن کے ساتھ بادلوں پر اُٹھائے جائیں گے۔ اُسی دِن سب ایماندار بدل جائیں گے۔
5۔ اُسی دِن زندوں اور مردوں کا اِنصاف کیا جائے گا۔
6۔ اُسی دِن آسمان اور زمین ٹل جائیں گے۔

Eddy Lanz, April 2008

---

1 پارُوسیا: متی 3:24؛ 27:24؛ 37:24؛ 39:24؛ 1 کرنتھیوں 23:15؛ 17:16؛ 2 کرنتھیوں 6:7؛ 7:7؛ 10:10؛ فلپیوں 26:1؛ 12:2؛ 1 تھسلنیکیوں 19:2؛ 13:3؛ 15:4؛ 23:5؛ 2 تھسلنیکیوں 1:2؛ 8:2؛ 9:2؛ عِبرانیوں 5:13؛ یعقوب 7:5؛ 8:5؛ 2 پطرس 16:1؛ 4:3؛ 12:3؛ 1 یوحنا 28:2۔

2 اَیپی۔فانیا: 2 تھسلنیکیوں 8:2؛ 1 تیمتھیس 14:6؛ 2 تیمتھیس 10:1؛ 1:4؛ 8:4؛ ططس 13:2۔

3 آپوکالِیپسِس: لوقا 32:2؛ رومیوں 5:2؛ 19:8؛ 25:16؛ 1 کرنتھیوں 7:1؛ 6:14؛ 26:14؛ 2 کرنتھیوں 1:12؛ 7:12؛ گلتیوں 12:1؛ 2:2؛ افسیوں 17:1؛ 3:3؛ 2 تھسلنیکیوں 7:1؛ 1 پطرس 7:1؛ 13:1؛ 13:4؛ مکاشفہ 1:1۔